13/04/2025

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شمیم اقبال سے خبریں سُنئے

سپریم کورٹ

سپریم کورٹ نے فیصلہ سنایا ہے کہ ریاستوں کے گورنروں کی طرف سے صدر جمہوریہ کی منظوری کےلئے بھیجی گئی بلو پر تین ماہ کے اندر اندر فیصلہ لیا جانا چاہئے۔ جسٹس جے پی پردی والا اور جسٹس مہا دیون پر مشتمل بینچ نے وضاحت کی ہے کہ اس مدت سے زیادہ تاخیر کی صورت میں اس میں اسکی صحیح وجوہات فراہم کی جانی چاہئیں اور متعلقہ ریاستی سرکار کو اسکی جانکاری دی جانی چاہئے۔

کانفرنس

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کی طرف سے انڈین ایسو سی ایشن آف کی وسط مدتی کانفرنس کا کامیاب انعقاد کیا گیا . کانفرنس کا Gastroentrology سرجیکل Bilary اور Liver,Pancreas کینسر منیجمنٹ ہے۔ کانفرنس میں ملک کے HPB موضوع گنگا دھر BN کینسر کے معروف ماہرین نے شرکت کی جن میں پدم شری پروفیسر Tract پال Sugoy شعبہ کے سر براہ پروفیسر Gastroentrology نئی دلی کے سرجیکل AIMS اور کئیر پر Patient گنگا دھر نے سکمز کے میڈیکل اکیڈیمکس، ریسرچ اور BN شامل ہیں۔ ڈاکٹر روشنی ڈالی۔ کانفرنس سے ڈائریکٹر سکمز پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف گنائی نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے لیور کینسر پر قابو پانے کےلئے ایک ہمہ جہت اپروچ اپنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

گھپلہ

اینٹی کورپشن بیورو نے سال 2009 میں اراضی گھپلے کے معاملے میں 22 افراد کے خلاف عدالت عالیہ میں فردِ جرم دائر کی ہے۔ ان میں لیکس اینڈ واٹر ویز ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے اُس وقت کے دو کلکٹر، چار دیگر پبلک سرونٹ اور 16 مستفیدین شامل ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ ان سرکاری اہلکاروں نے اراضی کے ریکارڈ میں قلم زنی کی تھی اور معاوضے کے طور سرکاری خزانے سے غیر قانونی طریقے سے ایک بھاری رقم نکالی تھی۔

بیساکھی

بیساکھی کا تہوار آج منایا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں گردوارہ چھٹی پادشاہی سرینگر میں ایک تقریب منعقد ہورہی ہے جبکہ محکمہ سیاحت زبر ون پارک سرینگر میں بیساکھی کے تہوار کی

میزبانی کر رہا ہے ، جس دوران نامور گلو کار اور دیگر فنکاروں کے فن سے حاضرین محظوظ ہونگے۔ پروگرام شام پانچ بجے بانگڑا اور کلچرل ڈانس سے شروع گا۔

صدر جمہوریہ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، وزیر اعظم نریندر مودی اور دیگر سرکردہ لیڈروں کے علاوہ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا،وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور آئی جی پی کشمیر وی کے بردی نے بیساکھی کے موقعے پر لوگوں کو مبارکبا د دی ہے۔

آکاشوانی سرینگر کے ہیڈ آف آفس گورویندر سنگھ اور شعبہ خبر نے بھی بیساکھی کے موقعے پر سکھ برادری کو مبارکباد دی ہے۔

سرسوں

جمونو کشمیر میں اس سال سرسوں کی پیدا وار میں قابل قدراضافہ درج کیا جارہا ہے۔ اس سال36ہزار میٹرک ٹن سروسوں کی ریکارڈ پیدا وار کی اُمید ہے جو پچھلے سال کے مقابلے میں کا فی زیادہ ہے۔

اس حوالے سے زراعت محکمے کے جوائنٹ ڈائریکٹر کشمیرسر تاج احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے کہا۔

ڈرگ

ضلع مینجرائم اور سلامتی صورتحال کا جائزہ لینے کےلئے ایس ایس پی کولگام ساحل سرنگل نے ڈی پی او کولگام میں ایک میٹنگ کی صدارت کی۔

کشمیر نے تربیت یافتہ ڈاگ ANTF ڈرگ ٹریفکنگ کے خلاف کوششوں میں سرعت لاتے ہوئے سکارڈ کو تعینات کیا ہے۔

اس دوران گاندربل میں پولیس نے شریف الدین چچی نامی منشیات فروش کو کچھ منشیات سمیت گرفتار کیا ہے۔

کے تحت گرفتار کیا PSA اُدھرہندوارہ پولیس نے ایک بدنام مجرم علی شیخ عرف علی دالی کو ہے۔

گل لالہ

خوشگوار موسم کے بیچ سرینگرمیں قائم باغ گلِ لالہ میں سیلانیونکی آمد کا سلسلہ لگاتار جاری ہے ۔ کل مزید52ہزار351 سیاح باغ کی سیر کرکے قدرتی نظاروں سے لطف اندوز ہوئے۔

اس طرح باغ کھولے جانے سے اب تک مجموعی طور پر5 لاکھ2ہزار676 سیاحوں نے ٹولپ گارڈن کا نظارہ کیاہے۔

تعزیت

سینٹرل بیورو آف کیمونکیشن وزارت اطلاعات و نشریات کے ڈائریکٹر چودھری غلام عباس کی والدہ کے انتقال پر سماج کے مختلف طبقہ ہائے فکر سے وابستہ لوگوں نے تعزیت کا اظہار کیا ہے آکاشوانی نیوز سرینگر کے شعبہ خبر نے بھی چودھری غلام عباس کے ساتھ اظہار تعزیت کر تے ہوئے مرحومہ کی جنت نشینی کےلئے دعا کی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت8اعشاریہ4ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت19اعشاریہ1ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

....

....

....

...